10/06/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔اعجازہ اختر

مودی

نریندرمودی ملک کے وزیر اعظم کی حیثیت سے سب سے طویل مدت تک اپنی خدمات انجام دینے والے منتخب وزیر اعظم بن گئے ہیں۔ انہوں نے26مئی 2014کو وزیرا عظم کا عہدہ سنبھالا تھا اور ان کی مدت کار آج کی تاریخ تک 4ہزار399دن ہو گئی ہے ۔

گڈکری

مکمل ہوا ہے ۔Breakthroughسرینگر لیہہ قومی شاہراہ پر تعمیر ہو رہی زوجیلہ ٹنل کا حتمی کا کام سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہونکے مرکزی وزیر نتن گڈکری کی موجودگی Breakthrough میں انجام دیا گیا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیراعلیٰ عمر عبداللہ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ جدید سہولیات سے لیس اس ٹنل کی تکمیل سے لداخ کے لوگوں کو ہر موسم میں عبور و مرور کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی ۔

-----Gadkari----

ایل جی

کو جموںو کشمیر اور لداخ Breakthrough اس موقعے پرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ٹنل کے کے درمیان رابطوں کو مستحکم کرنے اور ترقی کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کےلئے کلیدی نوعیت کا قرار دیا۔

-----LG-----

وزیر اعلیٰ

کے بعد وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ یہ پروجیکٹ مکمل ہونے Breakhthrough ٹنل کے سے نا ساز گار موسمی صورتحال کے دوران بھی لوگوں کو آنے جانے کی سہولیات دستیاب ہونگی نیز کشمیر اور لداخ میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو گا ۔

-------CM------

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مون سون سیزن کے دوران امکانی بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مختلف محکموں کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے حساس علاقوں کے تعلق سے صورتحال کا چارہ کرنے کیلئے ایک منظم نقش راہ تیار کرنے کی ہدایت دی۔ انہوننے کہا کہ کسی بھی صورتحال میں انسانی مال و جان کے تحفظ کو ترجیح دی جانی چاہئے ۔

مفاہمت نامہ

جموں کشمیر حکومت نے جموں کشمیر بینک کے ساتھ ایک مفاہمت نامہ طے کیا ہے جس کے تحت ڈیلی ویجروں کوپانچ لاکھ روپے تک کا انشورنس کور دیا جائے گا۔اس مفاہمت نامے پر چیف سیکریٹری اٹل ڈلوکی موجودگی میں دستخط کئے گئے ۔

کھیت بچاؤ

محکمہ زراعت کے اہتمام سے اننت ناگ میں کل کھیت بچاؤ ابھیان کے تحت ایک جانکاری پروگرام منعقد ہوا ۔ جس کی صدارت محکمے کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری ڈاکٹر آشیش چندر ورما نے کی ۔ پروگرام میں اننت نا گ کے ڈپٹی کمشنرڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کے علاوہ دیگر کئی شخصیات نے بھی شرکت کیں۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر آشیش چندر ورما نے کہاکہ کھیت بچاؤ ابھیان کا مقصد پائیدار زرعی سرگرمیوں اور نامیاتی کاشتکاری کو فروغ دینا ہے ۔

صوبائی کمشنر

ریجینل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی ایک Politin صوبائی کمشنرکشمیر انشل گرگ نے کل سرینگر میٹرو میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران پارمپورہ جنرل بس اسٹینڈ اپ گریڈیشن پلان ، مختلف کیمونٹی ہالز کے علاوہ گاندربل اور بڈگام ضلع میں مختلف پروجیکٹس کا بھی جائزہ لیا۔

یاےرا جائزہ

چودھری نے کل بالتل بیس کیمپ کا دورہ کرکے وہاں شری Suleman ٹریفک جمونکشمیرIGP امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے یاترا روٹس اور پارکینگ سہولیات کا جائزہ لیا۔

نشہ

نشہ مکت جمونکشمیر ابھیان کے تحت پولیس نے کل اننت ناگ اور بارہمولہ اضلاع میں کئی افراد کو منشیات سمیت گرفتار کر لیا ۔

اسی دوران نشہ مکت ابھیان کے تحت ہی کل بارہمولہ پولیس نے ایک نشہ مکت جانکاری ریلی نکالی جس دوران لوگوں سے کہاگیا کہ وہ نشے سے دور رہیں۔

دریں اثنا پولیس نے کل بارہمولہ اور گاندربل اضلاع میں غیر قانونی کان کنی میں ملوث کئی افرا درج کی ہے FIR۔ دکو گرفتار کرکے ان کے خلاف

کولگام

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت کل کولگام ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن نے ضلع سطحی باسکٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا ۔ اس ٹورنا منٹ میں14ٹیمیں شمولیت کر رہی ہے ۔ اس ٹورنا منٹ کا مقصد نوجوانوں کو نشے سے دور رکھنے اور کھیل کود کی طرف راغب کرنا ہے ۔

پلوامہ

پلوامہ پولیس نے کل پلوامہ سے ایک نا بالغ لڑکی کو 24گھنٹے کے اندر ہی اغو ا کاروں سے بازیاب کرایا۔ پولیس نے اغو ا کاروں کو بھی گرفتار کرکے ان کے خلاف FIR- درج کی ہے

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15 اعشاریہ4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ26 اعشاریہ3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ